## محبتوں کے جس سفر کا آغاز ہوا ہے اسے آنیوالی نسلوں تک لیجانا چاہتے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## ہمارا مقصد قومی مفاہمت کا فروغ ہے اور اس عمل کو ہم آئندہ نسلوں تک پہنچائیں گے، آصف زرداری

## ذوالفقار بھٹو کی 29ویں برسی کے موقع پر بات چیت

نوڈیرو۔۔۔4، اپریل 2008ء (عبدالقدوس)

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ محبتوں کے جس سفر کا آغاز ہوا ہے اسے آنیوالی نسلوں تک لیجانا چاہتے ہیں، ایم کیوایم، پی پی مفاہمت سے دیرپا عمل اور دیرپا استحکام کا موقع ملے گا، شہری و دیہی تفریق ختم ہوگی، ہم کومل جل کران سازشوں پرنظر رکھنی ہے جس نے ہم کو تقسیم کررکھا تھا اورہمیں سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کرکے اسے ناکام بنانا ہے۔متحدہ قومی موومنٹ موجودہ حکومت کی حمایت جاری رکھے گی اس سلسلے میں ہم بہت پرامید ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوڈیرو میں پیپلز پارٹی کے شریک چیئر مین آصف علی زرداری اور دیگر سے اپنی بات چیت میں کیا۔ایم کیوایم کا وفد پیپلز پارٹی کے بانی و چیئرمین وسابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی انتیسویں برسی کی تقریبات میں شرکت کیلئے نوڈیرو پہنچا تو وہاں ان کا استقبال وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، نومنتخب رکن سندھ اسمبلی آغا سراج درانی، نوابشاہ کی ناظم وآصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور، فوزیہ حبیب، ذوالفقار مرزا اور فرحت اللہ بابر نے کیا۔ایم کیوایم کے وفد میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، ارکان سینیٹر بابر خان غوری ،نومنتخب ارکان اسمبلی سید سردار احمد، اشفاق منگی اور سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس شامل تھے جبکہ حیدرآباد ومیر پور خاص کے ارکان اسمبلی سندھ، بلوچستان، سرحد و پنجاب کے ذمہ دارا بھی وہاں موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر 100 ارکان کا وفد لے کر اس لئے آئے ہیں کہ مفاہمتی سفر کا آغاز ہوا اور اس کو ساتھ مل کر آگے بڑھانا چاہتے ہیں، دیہی و شہری عوام کے درمیان جو فاصلے تھے ختم کرکے اسے مزید مضبوط و مستحکم بنانا چاہتے ہیں، الطاف حسین اور انہوں نے جو وعدہ کیا تھا وہ محبتیں آئندہ نسلوں تک پہنچائیں گے اور کسی قسم کی سازش کا شکار نہیں ہونگے اورمل جل کر سندھ کے خلاف سازشوں کو ناکام بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ آج ہم اپنے خلاف ہونیوالی سازشوں کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے آئے ہیں، پیپلز پارٹی اور ایم کیوایم کے نظریئے کو ملاکر سندھ اور ملک کے استحکام، خوشحالی ومعاشی ترقی کیلئے مل جل کر کام کرینگے اور اس عمل میں پورے ملک کو بھی شامل کریں گے عوام کی شمولیت کیساتھ جمہوری عمل کو مکمل کرینگے، ہم اظہار یکجہتی کیلئے ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرنے آئے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ روٹی، کپڑا اور مکان کی بات پیپلز پارٹی نے کی تھی اور اس کا مقصد عوام کو عزت کیساتھ جینے اور روزگار کی فراہمی ہے یہی اس کی تشریح ہے اور ایم کیوایم بھی یہی چاہتی ہے۔پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے کہا کہ وہ ان کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں جو بولتا ہوں وہ دل سے بولتا ہوں یہی بات میں نے الطاف بھائی کے سامنے بھی کہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد قومی مفاہمت کا فروغ ہے اور اس عمل کو ہم آئندہ نسلوں تک پہنچائیں گے۔آصف زرداری نے کہا کہ اب آپ کے ہاں جو بھی غمی وخوشی کا موقع ہوگا ہم بھی آئیں گے۔میں نے اور الطاف بھائی نے عوام میں ایک نئی سوچ پیدا کردی ہے جسے آگے بڑھانا ہے اس موقع پر فریال تالپور نے وفد کا شکریہ ادا کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے اعلیٰ سطحی وفد کی گڑھی خدا بخش میں ذوالفقار علی بھٹو کی 29ویں برسی کی تقریبات میں شرکت

## شہید ذوالفقار علی بھٹو، پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بےنظیر بھٹو کے علاوہ دیگر شہداء کے مزارات پر فاتحہ پڑھی

## وفد نے آصف علی زرداری اور دیگر رہنماؤں سے تعزیت کا اظہار کیا

لاڑکانہ۔۔۔4، اپریل 2008ء (نمائندہ خصوصی)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر جمعہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے ایک بڑے اعلیٰ سطحی وفد نے گڑھی خدابخش لاڑکانہ میں پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کی 29ویں برسی کے سلسلے میں ہونے والے تقریبات میں شرکت کی اور شہید ذوالفقار علی بھٹو اور پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بےنظیر بھٹو کے علاوہ دیگر شہداء کے مزارات پر فاتحہ پڑھی اور پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری اور پی پی کے دیگر رہنماؤں سے تعزیت کا اظہار کیا۔ایم کیوایم کے وفد کی قیادت متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کی جبکہ وفد میں ایم کیوایم پاکستان کی رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی بابر غوری، اشفاق منگی اور سندھ اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے لیڈر سید سردار احمد شامل تھے۔اس کے علاوہ ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران ملک زاہد محمود، سید یاسین آزاد، ایم کیوایم اندرون سندھ کے ذمہ دار وزونل انچارجز آفتاب سومرو، عبدالخالق چانڈیو، محمد شریف، سرحد سے زبیر انجم، اصغر شاہ، بلوچستان سے یوسف شاہوانی، ندیم شیخ

کے علاوہ حق پرست ارکان قومی وصوبائی صلاح الدین، اسمبلی ہرگن داس، فہیم الطافی، اکرم عادل، سلیم یوسف، سید وسیم، زبیر احمد، سکھر کے حق پرست تعلقہ ناظم نعیم صدیقی اور سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس بھی موجود تھے۔ ایم کیو ایم کا وفد جب لاہوری محلّہ لاڑکانہ میں واقع ایم کیو ایم کے زونل آفس پہنچا تو ایم کیو ایم کے کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں گڑھی خدابخش ایک بڑے جلوس کی شکل میں لے کر گئے۔ اس دوران مختلف راستوں پر ایم کیو ایم کے جلوس کو دیکھ کر لوگوں نے تالیاں بجائیں، گل پاشی کی اور انگلیوں کی مدد سے وکٹری کے نشان بنائے جبکہ جلوس کے شرکاء جئے الطاف اور جئے آصف کے فلک شگاف نعرے بھی لگا رہے تھے۔

## ایم کیو ایم ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی مرحوم کو سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی مرحوم کو آج جنت البقیع کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ ڈیفنس IV میں واقع امام بارگاہ مسجد یثرب میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست سینیٹر عباس کمیلی، نومنتخب رکن قومی اسمبلی وسیم اختر، رکن سندھ اسمبلی رضا ہارون، سابق اراکین اسمبلی، ایم کیو ایم ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے اراکین، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

## آفتاب زیدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## آفتاب زیدی بہت شفیق، ملنسار، خوش گفتار اور اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے، الطاف حسین
## مرحوم کے صاحبزادے جاوید زیدی سے ٹیلی فون پر تعزیت

لندن۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی کے انتقال پر لندن سے فون کر کے انکے صاحبزادے جاوید زیدی سے دلی تعزیت کی۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے صاحبزادے سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آفتاب زیدی بہت شفیق، ملنسار، خوش گفتار اور اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم میں شمولیت کے بعد مرحوم تنظیمی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے اور آخری سانس تک تحریک سے منسلک رہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آفتاب زیدی کے انتقال سے تحریک ایک مشفق بزرگ سے محروم ہوگئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے جاوید زیدی سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت رابطہ کمیٹی، ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے صاحبزادے کو صبر کی تلقین کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آفتاب زیدی مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## آفتاب زیدی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن آفتاب زیدی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے ارکان نے بھی آفتاب زیدی مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## ٹی وی فنکار انور سولنگی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف ٹی وی فنکار انور سولنگی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین اور تمام فنکاروں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔انہوں نے کہا کہ انور سولنگی فن کی دنیا کا بڑا نام تھا اور فن کے فروغ کیلئے ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن انور حسن شہید کو سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، سوئم اتوار کو ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔4، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کی یونٹ کمیٹی کے رکن انور حسن شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ مسجد باب الجنت بلاک نمبر 5 میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست نومنتخب رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، ارکان سندھ اسمبلی خالد بن ولایت، امام الدین شہزاد، گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال، یوسی ناظمین، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔انور حسن شہید کا سوئم 6، اپریل بروز اتوار کو بعد نماز ظہر شہید کی رہائش گاہ پر ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے انور حسن شہید کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ نعیمہ کے صاحبزادے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔4 اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ نعیمہ کے صاحبزادے خدابخش کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محترمہ نعیمہ سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔آمین

☆☆☆☆☆